
# 31% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ سوشل میڈیا اُن کی زندگی پر حاوی ہے ، یہ شرح عالمی ممالک کی اوسطاً شرح (49.7%) کے مقابلے میں کافی کم رہی۔






برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں: سوشل نیٹ ورک ہماری زندگی پر حاوی ہے ؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**انفارمیشن ٹیکنالوجی**

سوشل میڈیا

## 31% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ سوشل میڈیا اُن کی زندگی پر حاوی ہے، یہ شرح عالمی ممالک کی اوسطاً شرح (49.7%) کے مقابلے میں کافی کم رہی۔


**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے2024)،**

(اسلام آباد، 02 اکتوبر، 2024

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 31% پاکستانیوں کا خیال ہے کہ سوشل میڈیا اُن کی زندگی پر حاوی ہے، یہ شرح عالمی ممالک کی اوسطاً شرح (49.7%) کے مقابلے میں کافی کم رہی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں: سوشل نیٹ ورک ہماری زندگی پر حاوی ہے ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 31.0%جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے متفق ہیں کہ ''سوشل نیٹ ورک ہماری زندگی پر حاوی ہے''، 20.5% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے نہ متفق نہ ہی غیر متفق ہیں، جبکہ 38.0%جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے غیر متفق ہیں، تاہم 10.5%جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**''برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے کس حد تک متفق یا غیر متفق ہیں: سوشل نیٹ ورک ہماری زندگی پر حاوی ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

*اس سوال کے جوابات کو 1 سے 10 تک سے اسکیل پر پوچھا گیا، جہاں 1 سے مراد 'بالکل بھی متفق نہیں' اور 10 سے مراد 'بہت زیادہ متفق' ہے۔اس پریس ریلیز میں، آپشن 'متفق' میں 8 سے 10 اسکیل تک کے جوابات شامل ہیں، آپشن 'نہ متفق نہ ہی غیر متفق' میں 4 سے 7اسکیل تک کے جوابات اور 'غیر متفق' میں 1 سے 3اسکیل تک کے جوابات شامل ہیں۔*

**عالمی ممالک کے اعتبار سے نتائج:** سوشل میڈیا اُن کی زندگی پر حاوی ہے کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی سب سے زیادہ شرح مینا ریجن (MENA region) میں رہنے والے افراد میں (57.3%) پائی گئی۔اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح عالمی ممالک میں (49.7%) اور اے پیک ریجن (APAC region) میں (44.7%) دیکھنے میں آئی ، اور آخر میں اس حوالے سے رائے رکھنے والوں کی سب سے کم شرح پاکستانیوں میں (31%) پائی گئی۔




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1,000 خواتین اور مرد حضرات سے 3rd تا 17th جنوری 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±3-2% لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

## Wednesday, 2nd October 2024

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll 2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)